© rasailojaraid.com

**ماہنامہ ہم قدم** | مدیر: ریاض محمود و معاونین۔ اشاعت اپریل ۱۹۸۸ء قیمت: ۴/- روپے

پتہ: ۱۔ اے ذیلدار پارک روڈ، اچھرہ، لاہور۔ پوسٹل کوڈ نمبر ۵۴۶۰۶

یہ ایک خاص نمبر ہے۔ اسے پڑھ کر یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ اسلامی جمعیت طلبہ جس کا کوئی مقصد اس کے سوا نہیں کہ نظامِ تعلیم اسلامی بنیادوں پر صحیح شکل میں استوار ہو، اور حکومت و معاشرہ دونوں کی سطح پر اسلام کے اُصول و قوانین اور اداروں کو اُبھارا جائے، اسے ایک مخالفانہ ماحول کی طرف سے ان پاکیزہ مقاصد کی سزا برابر ملتی رہی ہے۔ سزا کا ایک حصّہ یہ پروپیگنڈا کہ جمعیت غنڈوں کا تشدد پسند گروہ ہے اور دوسرا حصّہ یہ کہ انہیں کے آدمیوں کو مسلسل شہید اور زخمی کیا جاتا ہے اور مجرم اوّل تو پکڑے نہیں جاتے، نشاندہی ہو بھی تو حوالات میں رہ کے آجاتے ہیں، سزا کسی کو نہیں ہوتی۔ یونیورسٹی سے طلبہ کو نکالا جاتا ہے تو جمعیت ہی کی بڑی تعداد کو نکالا جاتا ہے۔ جمعیت کی مظلومیت کا اندازہ اس سے کیجیے کہ ۷ / نومبر ۱۹۸۷ء کی شام کو پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں اسلم فتیانہ کو گولیوں سے چھلنی کر دیا گیا، ۲۸ / فروری ۱۹۸۸ء کو کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور جمعیت کے ناظم اور سال چہارم کے طالب علم زبیر خان بابر کے خون سے در و دیوار سرخ ہو گئے۔ ۱۵ / مارچ ۱۹۸۸ء کو جمعیت کے رکن طارق جاوید کو شہید کر دیا گیا۔ ان کا جرم؟ ان کے قاتل؟ ملزمان کی گرفتاریاں؟ تفتیش؟ سی آئی ڈی کہاں؟ پولیس؟ وزراء، محکمہ انصاف؟ احتساب؟ سیاسی جماعتیں؟ طلبہ کی جماعتیں؟ ذرائع ابلاغ؟ شہیدوں کی آخری نگاہوں نے تو یہی کچھ دیکھا ہو گا کہ سب کچھ ان کی مظلومانہ لہو کی لہروں میں ڈوب گیا۔

یہ مصنوعی ڈراپ سین آخرت میں ختم ہو جائے گا اور بہت سے سیاہ چہرے نمایاں ہوں گے۔

جس ملک میں ظلم کو اذنِ عام مل جائے، پھر اسے اس زندگی میں بھی فلاح و سعادت نہیں ملتی۔

---

**ماہنامہ ہمدرد** | مدیر: حکیم محمد سعید۔ مقامِ اشاعت: ہمدرد مرکز، ناظم آباد کراچی ۱۸۔

قیمت: ۴/- روپے

اِس باتصویر رسالے کا سرورق جدید طریق تزئین سے آراستہ ہے۔ ... مرغوب ہے۔ طباعت ٹائپ کی۔ مضامین "آزادی میرا حق ہے"، "حوصلہ تازہ کی جستجو"، "آوازِ حق"، "شرفِ انسانی

© rasailojaraid.com